سوال

(242) لوگوں کو نماز کےلیے جگانے کی خاطر سپیکر میں قرآن کی تلاوت کرنا؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

اذان کے بعد کسی کو نماز کےلیے بلانا منع ہے لیکن عموماً صبح کی اذان کے وقت لوگ سوئے ہوئے ہوتے ہیں ان کو نماز کےلیے جگانے کےلیے سپیکر پر قرآن پڑھنا کیا بدعت ہے یا جائزہے۔ عموماً سردیوں کے موسم میںجب اندر سوئے ہوئے ہوتے ہیں اوراذان نہیں سن پاتے توکیاایسا کرنا جائزہے یا نہیں؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اذان کے بعد کسی اضافے کی ضرورت نہیں، کیونکہ یہ طریق کار سلف صالحین سے ثابت نہیں۔ اگرچہ قرآن مجید کی تلاوت بلا تخصیص ہر وقت مطلوب ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

کتاب الصلوٰۃ : صفحہ:217

محدث فتویٰ